(پریس ریلیز)

باتسلیمات پبلک ریلیشنز آفیسر آفس پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

آج مورخہ 02.02.2024 کو جڑانوالہ چرچ جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کی بابت عدنان شمیم بھٹی، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ /صدر IMRF کرسچین لائرز ایسوسی ایشن کی قیادت میں کاشف نعمت سابق صدر، سموئیل پیارا چیئرمین سمیت ایسوسی ایشن کے دیگرعہدیداران، عمران رندھاوا، نیاز عامر، عدنان شمیم، ربیکا نیامت ایڈووکیٹ ہائی کورٹس اور کرسچین کمیونٹی کے دیگر نمائندگان کے وفد نے معزز پراسیکیوٹرز جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ سے ان کے آفس واقع قصوری ٹاور، لاہور، میں ملاقات کی اور سانحہ جڑانوالہ کے مقدمات میں اب تک ہونے والی پیشرفت کی بابت آگاہی حاصل کی۔ معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی ذیر نگرانی متذکرہ مقدمات میں پراسیکیوٹرز بھرپور پیشہ وارانہ قابلیت و صلاحیت کو بروئے کار لائیں گے اور واقعہ میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے عظم کا اعادہ کیا.

مزید برآں معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے متذکرہ مقدمات میں جناب خرم خان، ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل پنجاب /انچارج خصوصی عدالت دہشت گردی پنجاب کی سربراہی میں جناب امداد حسین چھٹہ، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کو مقدمات کی پیروی کے لئے بطور فوکل پرسن نامزد کرنے کی بابت کرسچین لائرز ایسوسی ایشن کے وفد کو آگاہ کیا۔ تمام تر معاملات پر وفد کے ارکان نے اظہار اطمینان اور پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی کاوشوں کا بھرپور شکریہ ادا کیا-

از دفتر سلطان اکبر چھٹہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب پی آر او ٹو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب